Music By Chitra Gupta

بہترین تفریحی فلم

बरात

برات

اداکاران

اجیت ۔ شکیلہ ۔ مکری ۔ پرتیما دیوی

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا بہار آئی برات سجنے

گانا نمبر۱

ارے جانے والے ہماری گلی آنا
آنے جانے کا یہی ہے زمانہ ۔ ارے جانے والے ۔
جو کریں تجھ پہ یقین اجی ہم ایسے نہیں
ایسے نادان نظر آئیں گے تجھے اور کہیں
چھوڑ دے ہمکو باتوں میں بہلانا ۔ ارے جانے ۔
ارے نکلی میری جاں سنبھل کے اجانِ جہاں
یوں لچکتا ہے بدن جیسے محبت کی کماں
توبہ توبہ یہ اندازِ مستانہ ۔ ارے جانے ۔
تو نے سنو بار سنا ۔ میں نے سنو بار کہا
دِل تیرا گھر ہے تو اس گھر میں صنم شوق سے آ
ہم تیرے ہیں تکلف نہ فرمانا ۔ ارے جانے ۔

گانا نمبر۲ :۔ پکڑی گئی پکڑی گئی لو گوری کی چوری پکڑی گئی
مُندی مُندی انکھیاں چلا نہیں جائے
ارے جی موہے چھیڑو نہ بھر گئی میں تو ہائے
آنکھ چڑھا کے بنی ظالم ہائے بجائے تالی
چار سو بیس کر کے مجھ سے میرے ہی سر ڈالے
پر تم نے بھی چھوڑا پکڑ کے چور ۔ پکڑی گئی
بول رہی پنجاب کی چھوری، سن لے ہر کوئی بندہ

چوک نہیں سکتا یہ لمبی زلفوں کا ہے پھندا
جانے پائیگا کیسے ادھر سے چور ۔ پکڑی گئی ۔
کھیت کے کونے پر ہے نینوں کی رکھوالی
جھوم رہی ہیں تو جیسے باجرے کی بالی
دیا کھیتوں میں آیا کدھر سے چور ۔ پکڑی گئی ۔

گانا نمبر ۳

لڑکا:۔ ظالم کہنا مان، لچکتی چل نہ کھا کر بان
قتل ہم ہو گئے، نیناں والی، تیرا کیا گیا
لڑکی:۔ الجھے میری چال، نہ چلنے پھرنے نیناں ڈال
بلما ہو گئی میں متوالی، تیرا کیا گیا
لڑکا:۔ دل سے پوچھو میں ہوا کیوں گھائل تیرے تیر سے
لڑکی:۔ لائی تمکو باندھ بلم جی زلفوں کی زنجیر سے
لڑکا:۔ ایسی پڑی زنجیر نہ سوجھی پھر کوئی تدبیر
بنا گئی پاگل زلفیں کالی ۔ تیرا کیا گیا
لڑکی:۔ ملنے دے رسیا کہاں تک دونوں پائل باندھ کے
لڑکا:۔ کھل کے چل گوری میری پگڑی سے آنچل باندھ کے
لڑکی:۔ میں نے روکا لاکھ ل گئے ہاتھوں سے ہاتھ
لچک گئی میرے من کی ڈالی، تیرا کیا گیا
لڑکا:۔ لہنگے کے گھنگھرو کی چھم چھم چھم پہ میرا جی گیا
لڑکی:۔ دیکھے میری چال زمانہ جیسے کہ کچھ پی گیا
لڑکا:۔ کوئی رہا ہے جھول گیا کوئی رستہ بھول

مگر میں پوچھوں او دِل والی، تیرا کیا گیا

گانا نمبر ۳

لڑکی:۔ اجی اب کہنا مان جاؤ، تم ہی بڑے میں چھوٹی

لڑکا:۔ چھوڑو میرا رشتہ کوئی نہیں جبسکا، اسکی گذر بھی ہوتی

گوری ہے

میں ہوں غریب انجانہ رے، راہی اکیلا پیار کا

لڑکی:۔ دیا ہے کوئی ندرانہ رے لگ رہا میلہ پیار کا

لڑکا:۔ لایا تمہارا پوانہ، اِیل ندرانہ، تم چاہو میرا موتی

گوری ہے

ٹھیک تو کہتی تھی دُنیا، کسی کو بھی اپنا نہ کہنا

لڑکی:۔ تو بدرا ایں مور نیا، تیری میری جوڑی کیا کہنا

لڑکا:۔ میں ہوں متوالا، چھوٹے گھر والا، پھولوں کی سیج تو سوتی

گوری ہے

مل گئی تھی اک بادریا، گذری نہ ہوتی برسات میں

لڑکی:۔ سوچ رہا کیا سانوریا، داب کے انگلی دانت میں

لڑکا:۔ کاہے لگی پیاری، مجھکو تمہاری انکھیاں موتی موتی

گوری ہے

گانا نمبر ۴:۔ موہن میں اک بنجارا ہی

تم تیجھ کے اُجیارے ہو

کب تک یگ یگ ٹھوکر کھاؤں، بولو اکیلا میں کت جاؤں

کاہے نہ تم سے آس لگاؤں، تم لوگوں کے سہارے ہو

موہن ہیں اک بھکارا ہی ــــ
دیکھ بھٹکنا میرے قدم کو
دوش نہ دیں سب بھگوان تم کو
تم تو دیکھ رہے ہو ہمکو، تم تو ساتھ ہمارے ہو
موہن ہیں اک بھکارا ہی ــــ
چھایا اندھیرا ہاتھ بڑھا دو
بانہہ پکڑ کر راہ دکھا دو
چھیڑ دو مرلی جوت جگا دو، کوئی تمکو پکارے
موہن ہیں اک بھکارا ہی ــــ

گانا نمبر ۶۔ آ جا رے تیرا ایک سہارا
کوئی یہ نہ کہے میرا کوئی نہیں ۔ آ جا رے ــــ
جانے جانے یاد کرو باتیں اقرار کی
مڑتے ہی بھول گئے قسمیں وہ پیار کی
سمجھاؤ سارا وعدہ کہاں ہے تمہارا ۔ آ جا رے ــــ
سب کہیں دیکھ گوری مکھڑے کو موڑ لے
کسی اور سانورے سے انکھیوں کو جوڑ لے
پر میں کیسے لگاؤں دل کو دوبارا ۔ آ جا رے ــــ
کہوں جو پکار کے میں، ہائے کیسی ریت ہے
کوئی کہے یہ ہنسی ہے، کوئی کہے پریت ہے
تیرے بنا کون جانے درد ہمارا
آ جا رے ــــ

گانا نمبر ۷:- ثنا :- او بابو تیل مالش

ہیرو:- کرا لو بوٹ پالش

ثنا:- او بابو تیل مالش

پھول سے ہلکا سر ہو جائے - تیل مالش

ہیرو:- درپن جیسا جوتا چمکے - بوٹ پالش

ثنا:- او بابو تیل مالش

کتنے ہیں دارو کیسے کتنے بھنگ

جتنی کرا لو چڑھے آنکھوں میں رنگ

ہیرو:- پالش کرا، پالش کرا گرمی ہو سردی ہو چاہے پڑے بارش

چمکا کے دوں جو ابھی جوتے کو باندھ

دھرتی پہ سب یہ کہیں اترا ہے چاند

ثنا:- سر جو تیرا، مل دوں ذرا

تارے نہ دیکھیں تو ابھی - کرا لو مالش

پھیرا جو ہاتھ لگا ایسا بھلا

رونا جو آیا وہی ہنستا چلا

ہیرو:- دیکھو ادھر، جوتا مگر

اِک بار تو چھونے دو یہی ہے گزارش


گانا نمبر ۸

مُفت ہوئے بدنام

کسی سے ہائے دِل کو لگا کے

جینا ہوا الزام

کسی سے ہائے دِل کو لگا کے
گئے ارمان ہیں کے لٹے لٹے آتے ہیں
لوگ جہاں میں کیسے دِل کو لگاتے ہیں
دِل کو لگاتے ہیں، اپنا بناتے ہیں
ہم تو ہوئے ہیں ناکام
کسی سے ہائے دِل کو لگا کے
مفت ہوئے بدنام
سمجھے تھے ساتھ دے گا
کسی کا سہانا غم
کھلی جو نظر تو دیکھا
تنہا کھڑے ہیں ہم
تنہا کھڑے ہیں ہم، دِل بھی رہا ہے گم
رستے میں ہو گئی شام
کسی سے ہائے دِل کو لگا کے
مفت ہوئے بدنام



چھ روپے میں گھڑی

پندرہ جیول رسٹ واچ گارنٹی پانچ سال قسط ہائے میں
چین سسٹم سکیم کے ذریعہ حاصل کریں۔ ڈاک خرچ ایک روپیہ ۲۵ نئے پیسے
نوٹ:۔ یہ سکیم اپنے ہی زر سینٹ کے بیوپار کو ترقی دینے کیلئے جاری کی گئی ہے۔ سکیم نا پسند ہو تو زر دام واپس
لندن ٹریڈنگ ایجنسی واچ سپلائیرز آر۔ ڈی جالندھر سٹی پنجاب

جو مانگو گے ملیگا



ایک ہزار روپے انعام

اب آپ کسی طرف سے مایوس نہ ہوں آپکے سب کام پورے ہو جائینگے
گرہن اور شبھ مہورت میں تیار کی ہوئی اس تانترک انگوٹھی کو انگلی میں
پہن کر آپ جب سنگدل عورت یا مرد کا نام لیں گے وہ دیکھتے ہی دیکھتے
فوراً بس میں ہو جائیگا اس کی زیادہ تعریف کرنا سورج کو چراغ
دکھانا ہے آپ جسے چاہتے ہیں وہ جہاں کہیں بھی ہو، سات سمندر
پھاند، سات تالے توڑ کر آپکے قدموں میں حاضر ہوگا کٹھور، دور دشمنی کو چھوڑ کر آپکے حکم کی تعمیل کریگا
دلپسند سگائی، شادی ہوگی خوبصورت عورت ملیگی۔ مرزہ روٹھوں سے یا جیت ہوگی، بزرگوں کی زمین میں گڑی ہوئی
دولت خواب میں نظر آئے گی، مقدمہ میں جیت ہوگی، امتحان میں پاس ہونگے، بیوپار میں لابھ ہوگا، در
تمام ناقص گرہ شانت ہونگے، بدقسمتی دور ہوگی، خوش قسمت بن جائینگے، زندگی سکھ شانتی سے بیتے گی۔
تانترک انگوٹھی 1/15 اسپیشل تین روپیہ سپیشل پاورفل تین روپیہ پیشگی آنے پر ۲۴ گھنٹہ میں فوراً اثر ہوتا ہے
سورج مشرق کے بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے لیکن اس تانترک انگوٹھی کا اثر کبھی خالی نہیں جاتا۔ ٹھیک
نہ ہونے پر واپسی کی گارنٹی ہے، غلط ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپے نقد انعام

رام پرشاد اٹاوہ، موہن لال کاشی پور سے لکھتے ہیں کہ راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری
تانترک آچاریہ جالندھر سٹی سے منگائی ہوئی تانترک انگوٹھی سے میرا کام پورا ہوا جو ہزاروں کوششوں سے نہ ہو سکا
تھا اس طرح بہت سے تعریفی خط آئے ہیں اور سینکڑوں سرٹیفکیٹ موجود ہیں ایکبار آپ بھی آزمائش کریں۔

راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری تانترک آچاریہ آر۔ ڈی
جالندھر سٹی